P.R.NO.27/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا نرم (NIRM) ہسپتال کا دورہ

زنانہ وارڈ میں 15 دن کے اندر ائیر کنڈیشنر لگانے کی ہدایت

ایک سال سے پورٹ قاسم پر پڑی ایم آر آئی مشین کسٹمز حکام سے کلیئر کرانے کے انتظامات کئے جائیں

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے نرم (NIRM) ہسپتال کے خلاف شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز معذور افراد کے علاج کے لئے وفاقی دارالحکومت میں قائم (NIRM) ہسپتال بھیجی جس نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کئے۔ٹیم نے اپنی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کر دی ہے۔ وفاقی محتسب نے سی ڈی اے کو ہدایت کی ہے کہ ہسپتال کی تزئین وتعمیر نو کا کام جلد مکمل کیا جائے۔انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو عوام الناس کی سہولت کے لئے مضافات میں میڈیکل کیمپ لگانے کی ہدایت کی۔دورہ کے دوران ہسپتال کے زنانہ وارڈ میں ائیر کنڈیشنر کی سہولت نہ ہونے پر ٹیم نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے پندرہ دن کے اندر خراب ائیر کنڈیشنر کو درست کرنے اور مزید ائیر کنڈیشنر لگانے کی ہدایت کی۔ٹیم نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کر کے مریضوں کے مسائل دریافت کئے،اکثر مریضوں نے ہسپتال کے انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہاں کے ڈاکٹرز اور عملہ ہمدرد اور تعاون کرنے والا ہے۔ہسپتال انتظامیہ کی طرف سے بریفنگ کے دوران ٹیم کو بتایا گیا کہ ہسپتال کی ایم آر آئی مشین کافی عرصہ سے خراب ہے۔باہر سے منگوائی گئی ایم آر آئی مشین کسٹمز حکام سے کلیئر نہ ہونے کے باعث ایک سال سے پورٹ قاسم کراچی پر پڑی ہوئی ہے۔ٹیم نے وزارت صحت،کسٹمز حکام اور تمام متعلقہ اداروں کو تمام قانونی تقاضے پورے کر کے ایم آر آئی مشین جلد ہسپتال کے حوالے کرنے کی ہدایت کی۔ٹیم نے ہسپتال کی مجموعی کارکردگی اوراحسن انتظامات کو سراہتے ہوئے کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

22 مئی 2025ء